حمایت کراچی

مینجنگ ایڈیٹر: عامر صدیقی

Tuesday, 29 October 2024

شمارہ 300 | منگل 25 ربیع الثانی 1446ھ 29 اکتوبر 2024ء | جلد 22

کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، عبدالکریم آسکانی

بھارت نے کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی، چیئرمین ٹاؤن میونسپل کارپوریشن بلدیہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن بلدیہ کے چیئرمین عبدالکریم آسکانی کے قیادت میں یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے ریلی نکالی گئی اور کشمیری عوام کے حقوق اوران کی آزادی کے حق میں نعرے بھی لگائے اس موقع پر چیئرمین بلدیہ ٹاؤن عبدالکریم آسکانی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کے 27 اکتوبر 1947 کو ہندوستانی افواج نے بغیر کسی آئینی اور اخلاقی جواز کے کشمیر پر قبضہ کر لیا تھا۔ جس کو ہم کشمیری عوام کے ساتھ ایک بڑا ظلم قرار دیتے ہیں اس لیے ہم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ اس ظلم کے خلاف آواز بلند

کرتے رہینگے اور انکے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ بھارت نے کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی جس پر عالمی قوتوں کو ایکشن لیا چاہیے اس موقع پر یوسی چیئرمینز وائس چیئرمینز شہزادہ قادری، حنیف خان سواتی، خالد نیازی، رحیم شاہ PRO بلدیہ کیپٹن عبدالروف، مزدور رہنمار فیق خاصخیلی سمیت